ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(693)

مورخہ 30.12.2023

بہاولپور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، ضلع بھر میں نیو ائیر نائٹ کے حوالے سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گھیرا تنگ، جاری آپریشن کے دوران گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 12 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں دیسی شراب واسلحہ ناجائز برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے نیو ائیر نائٹ کے حوالے سے جاری احکامات کی روشنی میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سول لائینز، صدر بہاولپور، عنائیتی اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 05 ملزمان جان صادق عرف جانی مسیح، مبارک علی، طیب، ارشاد اور عبدالغفار کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 145 لیٹر دیسی شراب برآمد کرلی۔تھانہ عباسنگر، سمہ سٹہ اور مسافر خانہ پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 05 ملزمان رمضان، خالد، منظور احمد، اسماعیل اور کاشف کو گرفتار کر کے قبضہ سے 04 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور حاصل کرلی۔اس کے علاوہ تھانہ بغداد الجدید اور مسافر خانہ پولیس نے 02 ملزمان رمضان اور سعید احمد کو انتہائی تیز رفتاری اور لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرتے ہوئے گرفتار کرلیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ نیو ائیر نائٹ کے حوالے سے جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، عوام الناس کی زندگیوں سے کھیلنے والے جرائم پیشہ افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں ان کو قرار واقعی سزا دلوانے کیلئے بہاولپور پولیس اپنے فرائض نبھاتی رہے گی۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور:نیوائیرنائٹ کے حوالے سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گھیرا تنگ، اسلحہ ناجائز اور شراب کے متعدد ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(694)

30-12-2023

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر نیوایئر نائٹ کے حوالے سے سیکیورٹی انتظامات مکمل،ضلع کے داخلی اور خارجی راستوں پر پکٹس قائم ہونگیں،جن پر ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سمیت 700 سے زائد پولیس افسران واہلکار تعینات ہونگے۔ڈولفن اسکواڈ،محافظ اسکواڈ،ایلیٹ فورس،ٹریفک پولیس اور سادہ کپڑوں میں اہلکار بھی اپنے فرائض سرانجام دینگے،قانون کو ہاتھ میں لینے کی اجازت ہرگز نہیں دی جاسکتی ،ون ویلنگ،ہوائی فائرنگ،ہلڑ بازی اور دیگر قانون شکنی کرنے والے عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا،ڈی پی او۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی خصوصی احکامات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر نیوائیر نائٹ کے حوالے سے سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں۔نیوائیر نائٹ کے موقع پر ضلع بھر میں ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سمیت 700 سے زائد پولیس افسران واہلکار کے ساتھ ساتھ ٹریفک پولیس،ایلیٹ فورس،ڈولفن اسکواڈ،محافظ اسکواڈ ضلع بھر کے اہم مقامات کے علاوہ داخلی اور خارجی راستوں پر قائم کی گئیں پکٹ ہائے/پوائنٹس پر سیکیورٹی ڈیوٹی اور مسلسل گشت سرانجام دیں گے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس حوالے سے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ نیوایئر نائٹ کے موقع پر ون ویلنگ،ہوائی فائرنگ،ہلڑ بازی اور آتش بازی کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس کے تحت کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔ٹریفک پولیس کا عملہ اہم رش والی جگہوں،چوکوں اور پلازوں ودیگر اہم پوائنٹس پر الرٹ ہوکر ڈیوٹی سرانجام دیں اور ٹریفک کے بہاؤ کو یقینی بنائیں۔ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز جاری کردہ سکیورٹی پلان پر ہر صورت عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔زہریلی شراب کی تیاری اور خرید وفروخت کے علاوہ استعمال کرنے والوں کے خلاف بھی کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔نشہ آور اشیا خصوصا شیشہ کے استعمال اور خرید وفروخت کرنے والوں کے خلاف بھی کارروائیاں کی جائیں۔جبکہ موٹرسائیکلوں کے سلنسر نکالنے والوں کے خلاف بھی ایکشن لیا جائے،سکیورٹی آرڈر کا مقصد لا اینڈ آرڈر کی صورتحال کو کنٹرول میں رکھنا ہے۔انہوں نے کہا کہ ون ویلنگ اور شراب پی کر غل غپاڑہ کرنے والے افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔شرپسند،تخریب کار،شدت پسند عناصر اور دہشتگردوں پر کڑی نظر رکھی جائے،اس بارے میں کسی بھی معلومات کی صورت میں افسران فوری طور پر موقع پر جاکر کارروائی کریں۔امن عامہ میں خلل ڈالنے والوں پر کڑی نظر رکھیں اور ان کے خلاف حسب ضابطہ قانونی کارروائی عمل میں لائیں۔انچارج ایلیٹ، انچارج ڈولفن اسکواڈ، انچارج محافظ اسکواڈ نیوائیر نائٹ کو اپنی ٹیموں کے ساتھ موجود رہیں گے۔ نیوائیر نائٹ کے حوالے سے اور کسی بھی ایمرجنسی صورت حال کے پیش نظر ڈی پی او آفس میں کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے۔ ریسکیو 15 پر کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور:نیوایئر نائٹ کے حوالے سے سیکیورٹی انتظامات مکمل،700 سے زائد پولیس افسران واہلکار تعینات